# 1747 ـ ٹریفك حادثات كی تصاویر بنانا جس میں اشخاص ظاہر ہوں

**سوال**

ہم ٹریفك حادثات كے محكمہ میں كام كرتے ہیں، اور بعض اوقات ہمیں اپنے ملك كے شہریوں حقوق محفوظ ركھنے كے لیے كچھ حادثات كی تصاویر بھی بنانا پڑتی ہیں، اور وہاں موجود كچھ افراد كی تصاویر بھی آ جاتی ہیں، اس عمل كا حكم كیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اس كام میں كوئی حرج نہیں، كیونكہ یہ تصویر كسی مصلحت بلكہ ضرورت كی خاطر بنائی گئی ہے، اور جب اس تصویر میں كوئی ایسا شخص بھی آ جائے جس كا حادثہ سے كوئی تعلق بھی نہیں ت واس میں كوئی حرج والی بات نہیں...

لیكن اگر انسان كیمرہ سے وہ تصویر اتارے جو وہ اپنے پاس محفوظ ركھے تو یہ ممنوع ہے، اور یہ فی ذاتہ نہیں، بلكہ اس مقصد كی بنا پر جس كی وجہ سے اس نے تصویر بنائی ہے، اور وہ بغیر كسی ضرورت كے تصویر اتارنا ہے، اور جس مقصد كے لیے آپ لوگ حادثہ والی جگہ كی تصویر بناتے ہیں وہ مقصد صحیح ہے، اور اس كے بغیر كوئی چارہ نہیں.